نماز فجر کے بعد سنتیں پڑھنے کا حکم

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فجر کی دو سنتیں، فرض نماز کے بعد ادا کی جا سکتی ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص جماعت سے پہلے سنتیں ادا نہ کرسکے تو اسے ان کی ادائیگی میں اختیار ہے کہ نماز کے بعد فوراً ادا کرلے یا سورج طلوع ہونے تک تاخیر کرلے۔ کیونکہ دونوں باتیں نبی کریم ﷺ سے ثابت ہیں۔ تاہم سورج بلند ہونے تک تاخیر کرنا افضل ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ نے ایسا کرنے کا حکم دیا تھا۔ ترمذی شریف میں حدیث موجود ہے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: (من لم یصل رکعتی الفجر فلیصلھا بعد ما تطلع الشمس [ترمذی: 423 وصحہ الألبانی] جو فجر کی دو رکعت کو ادا نہ کرسکا ہو تو طلوع آفتاب کے بعد ادا کرے۔ رہا نماز کے فورا بعد ادا کرنے کا مسئلہ تو یہ آپ کی تقریر سے ثابت ہے۔ کسی شخص نے آپ کی موجودگی میں سنتیں فجر کے بعد ادا کیں تو آپ اس پر خاموش رہے۔ (عن محمد بن إبراہیم عن جدہ قیس قال: خرج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، فأقیمت الصلاة، فصلیت معہ الصبح، ثم انصرف النبی صلی اللہ علیہ وسلم، فوجدنی أصلی، فقال: مهلا یا قیس أصلاتان معا.. قلت یا رسول اللہ: إنی لم أکن رکعت رکعتی الفجر قال فلا إذن) [رواہ ابن ماجہ وصحہ الألبانی] محمد بن ابراہیم سے مروی ہے وہ اپنے دادا قیس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ نکلے، نماز کی اقامت کہی گئی، میں نے آپ کے ساتھ نماز صبح پڑھی، جب نبی کریم ﷺ پھرے تو مجھے نماز پڑھتے ہوئے پایا۔ آپ نے کہا: رک جاؤ، اے قیس! کیا دو نمازیں اکٹھی؟ میں نے کہا: یا رسول اللہ میں نے دو رکعت سنت ادا نہیں کی تھیں۔ آپ نے فرمایا: تب ٹھیک ہے۔ ہذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی